حکومت پاکستان

ریونیوڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

☆☆☆☆☆

اسلام آباد، 27نومبر، 2018

حکمنامہ

(انکم ٹیکس)

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001(XLIX بابت 2001) کی دفعہ 181 کے تحت حاصل اختیارات بروئے کارلاتے ہوئے، بورڈ تنخواہ دار افراد کو پیش آنے والی مشکل کو پیش نظر رکھتے ہوئے اور گوشواروں کے فائلرز کی حوصلہ افزائی کرنے اور انھیں سہولت دینے کے لیے ہدایت کرتا ہے کہ ایسے اشخاص ٹیکس سالوں 2015، 2016اور 2017 کے لیے دفعہ 214E پڑھیے بشمول مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 182 کی ذیلی دفعہ (1) میں جدول کے نمبر شمار 1 پر اندراج کے تحت ان کی جانب سے قابل ادائیگی جرمانے کی کل رقم کی ادائیگی سے مستثنیٰ ہیں جنہوں نے قرض پر منافع اور / یا ڈیویڈنڈ (منافع منقسمہ) کی آمدن کے ساتھ یا اس کے بغیر صرف مد "تنخواہ" کے تحت آمدن ظاہر کرتے ہوئے مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 114 کے تحت گوشوارے فائل (داخل) کیے ہیں۔

[F.No. 4(69) IT-Budget/2018-Pt]

دستخط شدہ

(اعجاز حسین)

سیکریٹری(Rules & SROs)